آپریشن کیا گیا۔تمام مریضوں کی آنکھوں میں لینز (IOL) لگائے گئے۔ ہم سب کیلئے خبر بڑی مسرت افزا ہے کہ 5,4 اکتوبر کو پہلے معائنہ کے دوران تمام مریضوں کی آنکھوں کو صحت منداور درست پایا گیا۔سیکنڈ فالواپ 22 نومبر 2004ء کو ہوگا۔ان شاءاللہ

عظیم خوشخبری

☆ اُثریہ فری ڈسپنسری مدنی محلّہ جہلم میں ڈاکٹر شکیل احمد ایم بی بی ایس ، آر ایم پی کی تقرری ہو چکی ہے۔ جو روزانہ شام 5 بجے سے رات 8 بجے تک مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

☆ اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال جہلم میں ماہر امراض نسواں لیڈی ڈاکٹر توصیفہ کلثوم ایم بی بی ایس ، آر ایم پی ، گائنا کالوجسٹ کی تقرری ہو چکی ہے۔ہسپتال 24 گھنٹے کھلا رہے گا۔

دعائے صحت

مولانا قاری عطا اللہ ثاقب صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں کے والد صاحب کافی عرصہ سے علیل ہیں۔ان کی شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

وفیات

مولانا محمد یونس اثری کا سانحہ ارتحال

مورخہ 21 ستمبر بروز منگل ممتاز عالم دین اور مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر کے امیر طویل علالت کے بعد 74 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔حضرت مولانا محمد یونس اثری کی دینی ، مسلکی ، جماعتی اور سیاسی زندگی کا دائرہ بڑا وسیع تھا۔آپ نے جامعہ محمدیہ مظفر آباد کا اجراء کر کے کتاب وسنت کی شمع روشن رکھی۔جس کی روشنی دور دراز تک پہنچ چکی ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔امین

مولانا سید محمد اکرم شاہ گیلانی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 23 ستمبر جمعۃ المبارک کی رات ممتاز عالم دین سید محمد اکرم شاہ گیلانی قضائے الٰہی سے

وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔آپ عالم باعمل تھے۔جامعہ رحمانیہ گوجرنوالہ میں عرصہ دراز تک شیخ الحدیث کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔اس وقت امام بخاری انٹرنیشنل یونیورسٹی سیالکوٹ میں شیخ الحدیث کی مسند پر فائز تھے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کی عظیم علمی کاوش کو قبول فرما کر جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔آمین

☆ مورخہ 18 اگست چوہدری تحمید ممتاز آف سوہاوہ کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون

☆ مورخہ 3 ستمبر بروز جمعۃ المبارک چوہدری فاروق صاحب کی ہمشیرہ محترمہ اور نعمان فاروق صاحب کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مورخہ 7 ستمبر بروز منگل حاجی پرویز صاحب آف سوہاوہ کے والد محترم وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مورخہ 18 ستمبر بروز ہفتہ ماسٹر عالم صاحب آف بلال ٹاؤن کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مورخہ 2 اکتوبر بروز ہفتہ صغیر صاحب و برادران نیلام گھر والوں کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مورخہ 14 اکتوبر بروز اتوار مستری احمد حسین آرے والے بالمقابل جامعہ اثریہ کا جواں سالہ بیٹا وفات پا گیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

☆ مورخہ 16 اکتوبر بروز ہفتہ ملک تصدق اعوان صاحب آف گھوڑہ (پنڈ دادنخان) کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔آمین